کرسمس کے تحائف

متی۲:۱تا۱۲: جب یسوع ہیرودیس کے زمانہ میں یہودیہ کے بیت الحم میں پیدا ہوا تو دیکھو کئی مجوسی پورب سے یروشلیم میں یہ کہتے ہوئے آئے کہ یہودیوں کا بادشاہ جو پیدا ہوا وہ کہاں ہے؟ کیونکہ پورب میں اُس کا ستارہ دیکھ کر ہم اُسے سجدہ کرنے آئے ہیں۔ یہ سُن کر ہیرودیس بادشاہ اور اُس کے ساتھ یروشلیم کے سب لوگ گھبرا گئے۔ اور اُس نے قوم کے سب سردار کاہنوں اور فقیہوں کو جمع کر کے اُس سے پوچھا کہ مسیح کی پیدائش کہاں ہونی چاہیے؟ انہوں نے اُس سے کہا یہودیہ کے بیت الحم میں، کیونکہ نبی کی معرفت یوں لکھا ہے کہ اے بیت الحم یہودہ کے علاقے تو یہودہ کے حاکموں میں ہرگز سب سے چھوٹا نہیں کیونکہ تجھ میں سے ایک سردار نکلے گا جو میری اُمت اسرائیل کی گلہ بانی کرے گا۔ اس پر ہیرودیس نے مجوسیوں کو چپکے سے بُلا کر اُن سے تحقیق کی کہ وہ ستارہ کس وقت دکھائی دیا تھا اور یہ کہہ کر اُنہیں بیت الحم کو بھیجا کہ جا کر اُس بچے کی بابت ٹھیک ٹھیک دریافت کرو اور جب وہ ملے تو مجھے خبر دو تاکہ میں بھی آکر اُسے سجدہ کروں۔ وہ بادشاہ کی بات سُن کر روانہ ہوئے اور دیکھو جو ستارہ انہوں نے پورب میں دیکھا تھا وہ اُن کے آگے آگے چلا یہاں تک کہ اُس جگہ کے اُوپر جا کر ٹھہر گیا جہاں وہ بچہ تھا۔ وہ ستارے کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئے۔ اور اُس گھر میں پہنچ کر بچے کو اُس کی ماں مریم کے پاس دیکھا اور اُس کے آگے گر کر سجدہ کیا۔ اور اپنے ڈبے کھول کر سونا اور لُبان اور مُر اُس کو نذر کیا۔ اور ہیرودیس کے پاس پھر نہ جانے کی ہدایت خواب میں پا کر دوسری راہ سے اپنے ملک کو روانہ ہوئے۔

بڑے دن کے حوالے مجوسی اور اُن کے تحائف پوری دنیا میں ایک معروف کہانی ہے۔ یہاں تک کہ کئی غیر مسیحی بھی اس کہانی کے تفصیلات جانتے ہیں۔ لیکن اگر اس واقع میں چند ایک تفصیلات کا جائزہ دھیان اور احتیاط سے لیں تو ہم یسوع مسیح کے متعلق ایسی سچائیوں پر ہمارا ایمان پختہ ہوگا جن کا تعلق نجات سے ہے۔ اور یسوع مسیح کے نجات بخش کام سے ہے۔

پس منظر

بائبل میں لکھا ہے کہ وہ مجوسی پورب یعنی مشرق سے آئے تھے۔ انہوں نے ستارہ دیکھا تھا اور اُن کو معلوم تھا کہ یہ ستارہ بادشاہ کا ہے اور وہ بادشاہ مسیح یسوع ہے۔ کوئی اس بات پر حیران ہوگا کہ کس طرح یہ مجوسی ایک ایسے ستارے کو پہچان سکے جو یہودیوں کے بادشاہ کی پیدائش کے متعلق تھا۔ اور چونکہ بائبل مقدس میں ایسی کوئی تفصیل موجود نہیں اس لیے خیال کامل یہی ہے کہ اُن کی رسائی اُن کُتب تک تھی جو دانی ایل نبی نے روح کی ہدایت سے تحریر کی تھیں۔ جس نے اپنے زندگی بابل کی اسیری میں گذاری اور مسیح خداوند کی پیدائش کے متعلق وقت کی نبوت کی تھی۔ عین ممکن یہ بھی ہے کہ اُن دسترس میں بعالام نبی کی تحریریں ہوں جو کہ فارس کے نزدیک کہیں رہتا تھا۔ بعالام کی مسیح کی آمد کے بارے میں نبوت بہت ہی دلچسپ ہے۔

گنتی ۲۴:۱۷۔ میں اُسے دیکھوں گا تو سہی پر ابھی نہیں، وہ مجھے نظر بھی آئے پر نزدیک سے نہیں یعقوب میں سے ایک ستارہ نکلے گا اور اسرائیل میں سے ایک عصا اُٹھے گا۔ اور مواب کی نواحی کو مار مار کر صاف کر دے گا اور سب ہنگامہ کرنے والوں کو ہلاک کر دے گا۔ جب مجوسی اسرائیل میں پہنچے تو وہ دار الخلافہ یعنی یروشلیم میں گئے۔ وہ محل میں گئے تاکہ بادشاہ جو پیدا ہوا تھا اُس کا دیدار کریں۔ یہ سب کچھ ٹھیک تھا

لیکن ہیرودیس تو اُس وقت بادشاہ تھا۔ وہ اس سے گھبرا گیا کہ ایک نیا بادشاہ پیدا ہوا ہے۔ ہیرودیس رومی حکومت کا وفادار تھا اور اُس کا سب سے پہلا فرض یہ تھا کہ خطے میں امن قائم رہے۔ کیونکہ رومی حکومت نے حال ہی میں ایک بغاوت کو کُچلا تھا۔ جس میں ہزاروں جانیں گئی تھیں اور کوئی بھی خون خرابہ نہیں چاہتا تھا۔ اس لیے یہ خبر یروشلیم اور اُس کے اندر رہنے والوں کے لیے گھبرا دینے والی خبر تھی۔ ہیرودیس نے یہودی اُستادوں سے پوچھا کہ یسوع مسیح کے مطلق پیشن گوئی کیا ہے؟ اور ظاہر ہے انہوں نے بالکل درست جواب دیا تھا کہ نبوت کے مطابق یسوع مسیح کی پیدائش بیت الحم میں ہوگی۔ یروشلیم میں نہیں، حیرت کی بات یہ ہے کہ کسی بھی فقہ کے اُستاد نے بیت الحم میں جانے کا ارادہ نہیں کیا تھا۔ انہوں نے مجوسیوں کو بھیج دیا کہ وہ خود ہی پتہ لگالیں۔ افسوسناک صورت حال ہے۔ کہ فقہ کے ماہر خود اپنی کتاب کی باتوں کو کس طرح سے نظرانداز کرتے ہیں۔

یروشلیم کے بعد مجوسی بیت الحم میں آئے۔ جہاں ستارہ پھر سے ظاہر ہوا اور اُن کی یسوع، مریم اور یوسف تک راہنمائی کی۔ جب انہوں نے بچے کو دیکھا تو گر کر سجدہ کیا اور اپنے تحائف اُس کی نظر کیے۔ جس میں سونا، مُر اور لُبان شامل تھے۔ یہ تحائف کسی بچے کو اُس کی پیدائش پر دینے کے لیے کچھ غیر معمولی سے ہیں۔ لیکن ظاہر ہے، یہ مجوسی ہیں جو نبوت کو سمجھے تھے اور آسمانی ستارے کی راہنمائی میں یہاں تک پہنچے تھے۔ اُن کے تحائف میں کچھ ایسا ہے جو ہمیں یسوع مسیح کی شخصیت کے متعلق بتاتے ہیں۔

پہلا تحفہ: سونا

کسی بچے کو سونا کیا دیا جائے؟ بائبل میں سونا ہیکل اور شاہی محل کی نمائندگی کرتا ہے۔ ۲ سلاطین ۱۲: ۱۸ میں لکھا ہے تب شاہ یہوداہ یہوآس نے سب مقدس چیزوں کو۔۔۔۔ اور سب سونا جو خداوند کی ہیکل کے خزانوں اور بادشاہ کے قصر میں ملا لیکر شاہ ارام حزائیل کو بھیج دیا۔ غور کریں کہ اسرائیل میں سونا دو جگہ پایا جاتا تھا پہلی محل اور دوسے ہیکل۔ علاوہ اس کے خالص سونا سے مُراد خدا کی حضوری بھی ہے۔ خروج ۲۵: ۱۷۔۲۲ اور تو کفارہ کا سرپوش خالص سونے کا بنانا۔۔۔ سونے کے دو کروبی گھڑ کر بنانا۔۔۔ وہاں میں تجھ سے ملا کروں گا۔ اور اُس سرپوش کے اُوپر سے اور کروبیوں کے بیچ میں جو عہد کے صندوق کے اُوپر ہونگے اُن سب احکام کے بارے میں جو میں نے بنی اسرائیل کے لیے تجھ کو دونگا تجھ سے بات چیت کیا کروں گا۔

سونا یسوع مسیح کے لیے انتہائی اہم تحفہ تھا کیونکہ یہ اس بات کی نشاندہی ہے کہ یسوع مسیح خدا بھی ہے اور بادشاہوں کا بادشاہ بھی۔ غور کریں مجوسیوں نے ہیرودیس سے پوچھا تھا کہ یہودیوں کا بدشاہ جو پیدا ہوا ہے وہ کہاں ہے؟ حالانکہ کہ شاہی خاندان میں پیدا ہونے والے بچے بھی بادشاہ نہیں بلکہ شہزادے ہوتے ہیں۔ یسوع کے سوا آج تک کوئی پیدائشی بادشاہ نہیں ہوا۔ وہ اپنی پیدائش ہی سے بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ یسعیاہ ۹: ۶ اور ہمارے لیے ایک لڑکا تولد ہوا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہوگی اور اُس کا نام عجیب مُشیر خدائِ قادر ابدیت کا باپ سلامتی کا شہزادہ ہوگا۔ مکاشفہ ۱۹: ۱۶ اور اُس کی پوشاک اور اُس کی ران پر یہ نام لکھا ہوا ہے بادشاہوں کا بدشاہ اور خداوندوں کا خداوند۔ مجوسیوں کا یسوع کے لیے سونا نذر کرنے ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ خدا کے پاس بھی ہمیں دینے کے لیے کچھ ہے۔ چونکہ یسوع مسیح خدا ہے جو انسان بن کر آیا جس کا مطلب یہ ہے کہ کرسمس کے موقع پر خدا نے ہم انسانوں کو اپنی حضوری کا تحفہ دیا۔ گویا

خدا ہم سے دور نہیں، کیونکہ اُس کا نام اعمانوایل ہے یعنی خدا ہمارے ساتھ ہے۔

متی ۱:۲۳ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی اور اُس کا نام عمانُوایل رکھیں گے۔

دوسرا تحفہ، لُبان

اگر آپ اس سے واقف نہیں ہیں تو یہ یاد رکھیں کہ یہ ایک خوشبو ہے جو کسی خاص درخت کی رال سے بنتی ہے۔ یہ بھی کسی بچے کے لیے عجیب سا تحفہ ہے۔ پھر کیوں مجوسی یہ تحفہ مسیح کے لیے لائے تھے؟ بائبل مقدس میں اس کا جواب بھی ہے۔ یہ کاہنوں کے کام کی چیز ہے جسے وہ گناہوں کی قربانی چڑھانے کے وقت استعمال کرتے تھے۔ احبار ۲:۱۔۲، اگر کوئی خداوند کے لیے نذر کی قربانی کا چڑھاوا لائے تو اپنے چڑھاوے کے لیے میدہ لے اور اُس میں تیل ڈال کر اُس کے اُوپر لُبان رکھے اور وہ اُسے ہارون کے بیٹوں کے پاس کو کاہن ہیں لائے اور تیل ملے ہوئے میدہ میں سے اس طرح اپنی مٹھی بھر کر نکالے کہ سب لُبان اُس میں آجائے تب کاہن اُسے نذر کی قربانی کی یادگاری کے طور پر مذبح کے اُوپر جلائے یہ خداوند کے لیے راحت انگیز خوشبو کی آتشین قربانی ہوگی۔

لُبان، یسوع مسیح کے لیے اہم تحفہ تھا کیونکہ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے وہ ہمارا سردار کاہن ہے۔ عبرانیوں ۴:۱۴۔۱۶، پس ہمارا ایک ایسا بڑا سردار کاہن ہے جو آسمانوں سے گذر گیا یعنی خدا کا بیٹا یسوع تو آؤ ہم اپنے اقرار پر قائم رہیں کیونکہ ہمارا ایسا سردار کاہن نہیں جو ہمارہ کمزوریوں میں ہمارا مددگار نہ ہو سکے بلکہ وہ سب باتوں میں ہماری طرح آزمایا گیا تو بھی بے گناہ رہا پس آؤ ہم فضل کے تخت کے پاس دلیری سے چلیں تاکہ ہم پر رحم ہو۔ اور وہ فضل حاصل کریں جو ضرورت کے وقت ہماری مدد کر سکتا ہے۔ مجوسیوں کا یہ تحفہ ہمیں یدکرواتا ہے خدا کے پاس ہمیں دینے کے لیے کچھ ہے۔ ہمارا ایسا سردار کاہن جو ہمارے گناہوں کے لیے ایک ایسی قربانی گذرانتا جو ہمارے تمام گناہوں کے کفارہ ادا کر سکتی تھی۔ کیسا عظیم تحفہ ہے! یسوع مسیح کی بدولت ہم اپنے گناہوں کی وجہ سے خدا سے دو نہیں رہیں گے بلکہ خدا ہمیں اُص کے وسیلے سے اپنے خاندان میں قبول کر لیتا ہے۔

تیسرا تحفہ، مُر

یہ سیک خاص قسم کی خوشبو ہے لُبان کی طرح لیکن یہ ایک کانٹے دار پودے سے حاصل ہوتا ہے اس کی خوشبو مرتے ہوئے انسان کی دی جاتی تھی اس سے موت آسان ہو جاتی ہے۔ مُردہ جسموں پر خوشبو کے لیے بھی لگایا جاتا ہے۔ مرقس ۱۵:۲۲۔۲۳ اور وہ اُسے مقام گلگتا پر لائے جسکا ترجمہ کھوپڑی کی جگہ ہے۔ اور مُر ملی ہوئی مے اُسے دینے لگے لیکن اُس نے نہ لی۔ یوحنا ۱۹:۳۹۔۴۰، اور نیکدیمس بھی آیا جو یسوع مسیح کے پاس رات کو گیا تھا اور پچاس سیر کے قریب مُر اور عود ملا ہوا لایا۔ پس انہوں نے یسوع کی لاش کو لیکر اُسے سوتی کپڑے میں خوشبودار چیزوں کے ساتھ کفنایا جس طرح یہودیوں میں دفن کرنے کا دستور تھا۔ یہ تحفہ کسی بچے کو دینا عجیب ہو سکتا ہے لیکن مسیح خداوند کے لیے یہ تحفہ بامعنی تحفہ تھا۔ مُر، سے ہمیں یاد دلاتا ہے کہ یسوع محض زمین پر اس لیے نہیں آئے تھے کہ کام زندگی گذارتے ہمیں خدا کے متعلق بتاتے بلکہ وہ گناہ گاروں کے لیے مصلوب ہونے بھی آئے تھے۔

ہماری سزا اپنے اُوپر لیتے تا کہ ہمیں اپنے گناہوں سے معافی مل جاتی۔ ہمیں موت سے نکال کر زندگی میں داخل کرنے کے لیے۔ عبرانیوں ۲: ۰-۱۰، کیونکہ جس کے لیے سب چیزیں ہیں اور جس کے وسیلے سے سب چیزیں ہیں اُس کو یہی مناسب تھا کہ جب بہت سے بیٹوں کو جلال میں داخل کرے تو اُن کی نجات کے بانی کو دُکھوں کے ذریعے سے کامل کر لے۔ مجوسیوں کا تحفہ، مُر، ہمیں یقین دلاتا ہے کہ خدا کے پاس ہمارے لیے کچھ خاص ہے۔ یسوع مسیح صرف موئے نہیں تھے بلکہ اپنی موت میں اُس نے گناہ اور موت پر فتح پائی۔ رومیوں ۶: ۲۳ کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے لیکن خدا کی بخشش مسیح یسوع میں ہمیشہ کی زندگی ہے۔ افسیوں ۲: ۴-۸ مگر خدا نے اپنے رحم کی دولت سے اُس بڑی محبت کے سبب جو اُس نے ہم سے کی جب قصوروں کے سبب سے مُردہ ہی تھے تو ہم کو مسیح یسوع کے ساتھ زندہ کیا (تم کو فضل ہی نجات ملی ہے) اور مسیح یسوع کے ساتھ شامل کر کے اُس کے ساتھ جِلایا اور آسمانی مقاموں پر اُس کے ساتھ بٹھایا تا کہ اُس کی مہربانی سے جو مسیح یسوع میں ہم پر ہے آنے والے زمانوں میں اپنے فضل کی بے نہایت دولت دکھائے کیونکہ تم کو ایمان کے وسیلہ سے فضل ہی سے نجات ملی ہے اور یہ تمہاری طرف سے نہیں خدا کی بخشش ہے۔

خدا کا تحفہ ہم سب کے لیے

مجوسیوں کے تحفے مسیح کے لیے انتہائی اہم تھے۔ ہمارے خدا اور بادشاہ کے لیے، ہمارے سردار کاہن کے لیے اور ہماری نجات کے بانی کے لیے جس نے ہمارے لیے موت سہی۔ لیکن یسوع نے یہ تحائف اپنے پاس نہیں رکھے بلکہ اُس نے ان تحائف کے بدلے میں ہمیں عظیم نعمتیں دیں۔ یسوع مسیح کی ذات ہم سب کے لیے عظیم تحفہ ہے۔ میں آپ کو اس بات پر اُبھارنا چاہوں گا کہ اس عظیم تحفہ کو لیں اور اس سے ہمیشہ کے زندگی کا فیض حاصل کریں۔ افسیوں ۵: ۱-۲ پس عزیز فرزندوں کی مانند خدا کی طرح بنو محبت سے چلو، جیسے مسیح نے تم سے محبت کی اور ہمارے واسطے اپنے آپ کو خوشبو کی مانند خدا کی نذر کر کے قربان کیا۔

خدا کرے کہ کبھی ہم رُوبرو ہو کر بڑا دن منا سکیں۔ میری دعا ہے کہ اس کرسمس کے موقع پر خدا آپ کو اپنا بڑا افضل دے کہ آپ اس عظیم خوشی کو بھرپور دل کے ساتھ منا سکیں۔ یقین جانیں کے ہم روح میں آپ کے ساتھ متحد ہیں اور دعا گو ہیں۔ خداوند آپ کو اس کرسمس پر بڑی برکت بخشے۔